
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 13اکتوبر 2025

# تقریباً ہر 3 میں سے 2 (63%) پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ چاند گرہن کے دوران سونا یا آرام کرنے سے گریز کرنا چاہیے؛ یہ رجحان خواتین (69%)، 50 سال سے زائدعمر کے افراد (73%) اور ایف اے (یعنی انٹرمیڈیٹ) سے کم تعلیم یافتہ افراد میں زیادہ دیکھنے میں آیا۔






مختلف لوگ چاند گرہن کے دوران مختلف باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔ آپ کے خیال میں درج ذیل باتوں کا حقیقت سے کتنا تعلق ہے؟ - سونا یا آرام نہیں کرنا چاہیے

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**سائنس اور معاشرہ**

فلکیاتی واقعات

رسم ورواج پر یقین

## تقریباً ہر 3 میں سے 2 (63%) پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ چاند گرہن کے دوران سونا یا آرام کرنے سے گریز کرنا چاہیے؛ یہ رجحان خواتین (69%)، 50 سال سے زائد عمر کے افراد (73%) اور ایف اے (یعنی انٹر میڈیٹ) سے کم تعلیم یافتہ افراد میں زیادہ دیکھنے میں آیا۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**


(اسلام آباد، 13 اکتوبر 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق ، تقریباً ہر 3 میں سے 2 (63%) پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ چاند گرہن کے دوران سونا یا آرام کرنے سے گریز کرنا چاہیے؛ یہ رجحان خواتین (69%)، 50 سال سے زائد عمر کے افراد (73%) اور ایف اے (یعنی انٹر میڈیٹ) سے کم تعلیم یافتہ افراد میں زیادہ دیکھنے میں آیا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" مختلف لوگ چاند گرہن کے دوران مختلف باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔ آپ کے خیال میں درج ذیل باتوں کا حقیقت سے کتنا تعلق ہے؟ - سونا یا آرام نہیں کرنا چاہیے؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 42% جوابدہندگان کے مطابق اس کا حقیقت سے "بہت زیادہ تعلق" ہے کہ چاند گرہن کے دوران سونا یا آرام نہیں کرنا چاہیے، 21% جوابدہندگان کے مطابق اس کا حقیقت سے "کچھ حد تک تعلق" ہے، 24% جوابدہندگان کے مطابق اس کا حقیقت سے "بالکل بھی تعلق نہیں ہے یہ محض باتیں ہیں"، 8% کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے "معلوم نہیں" ہے، جبکہ 5% جوبدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ چاند گرہن کے دوران سونے یا آرام کرنے سے گریز کرنے سے متعلق رائے پاکستان میں اب بھی عام ہے، خاص طور پر خواتین، کم تعلیم یافتہ اور بڑی عمر کے افراد میں۔


**" مختلف لوگ چاند گرہن کے دوران مختلف باتوں کا خیال رکھتے ہیں۔آپ کے خیال میں درج ذیل باتوں کا حقیقت سے کتنا تعلق ہے؟- سونا یا آرام نہیں کرنا چاہیے "**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 753 خواتین اور مرد حضرات سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2%± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج**: سروے کے نتائج مرد اور خواتین کی رائے کے درمیان نمایاں فرق ظاہر کرتے ہیں۔ خواتین کی 69% شرح کا ماننا ہے کہ یہ بات بالکل درست ہے کہ چاند گرہن کے دوران سونا یا آرام کرنے سے گریز کرنا چاہیے؛ جبکہ مرد حضرات میں یہ شرح 56% پائی گئی—جو دونوں کے درمیان 13% کے درمیانی فرق کو ظاہر کرتی ہے۔ اسے ظاہر ہوتا ہے کہ چاند گرہن سے جڑی روایت یا گھریلو باتوں پر یقین رکھنے کا رجحان خواتین میں نسبتاً زیادہ پایا جاتا ہے۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج**: تعلیم کے اعتبار سے نتائج بھی واضح فرق ظاہر کرتے ہیں۔ اس خیال سے اتفاق کرنے والوں کی شرح ایف اے (یعنی انٹرمیڈیٹ) سے کم تعلیم یافتہ جوابدہندگان میں 65% پائی گئی ہے، جبکہ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ جوابدہندگان میں یہ شرح کم ہو کر 54% رہ گئی۔ 11% کا یہ درمیانی فرق ظاہر کرتا ہے کہ زیادہ تعلیم یافتہ افراد میں اس روایتی باتوں پر یقین نسبتاً کم پایا جاتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج**: عمر کے لحاظ سے بھی واضح فرق دیکھا گیا ہے۔ اس بات سے اتفاق کرنے والوں کی شرح چھوٹی عمر کے گروپ کے افراد (یعنی 30 سال سے کم) میں سب سے کم پائی گئی، جو کہ 58% رہی۔ جبکہ عمر کے ساتھ ساتھ اس رجحان میں اضافہ دیکھنے میں آیا، اور 50 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد میں یہ شرح 73% تک پہنچ گئی۔ کم عمر اور بڑی عمر کے افراد کے درمیان 15% کا فرق یہ ظاہر کرتا ہے کہ بڑی عمر کے پاکستانی اس خیال پر کہیں زیادہ یقین رکھتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 13th October 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)